**07.10.2024**
**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شبانہ رحمٰن
Music

.........................................................................................

☆ بھارت نے مالدیپ کیلئے 400 ملین ڈالر کی مدد اور 3000 کروڑ روپے پر مشتمل باہمی کرنسی کی اَدلابدلی فراہم کی ہے۔
☆ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے مستقبل کے خطرات سے نمٹنے کیلئے ملک میں نئی اور اختراعی تکنیکی ترقی پر زور دیا ہے۔
☆ جموں وکشمیر اور ہریانہ میں کل اسمبلی انتخابات کی ووٹوں کی گنتی کیلئے سبھی تیاریاں کرلی گئی ہیں۔
☆ میڈیسن میں MicroRNA کی دریافت کیلئے سائنسداں Victor Ambros اور Gary Ruvkun کو نوبل انعام دیا گیا ہے۔
☆ بھارتی جمناسٹ دیپا Karmakar نے ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا ہے۔

.........................................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

### *Rev PM - Maldives Prez*

بھارت نے مالدیپ کیلئے 400 ملین ڈالر کی مدد اور 3000 کروڑ روپے پر مشتمل باہمی کرنسی کی اَدلابدلی فراہم کی ہے۔ یہ مالی امداد مالدیپ کو درپیش مالی مشکلات سے نمٹنے میں مددگار ثابت ہوگی۔ وزیر اعظم نریندر مودی اور مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معزو کے درمیان آج نئی دلّی میں وفد سطح کی بات چیت کے دوران اس ضمن میں فیصلہ کیا گیا۔ اس کے علاوہ، کرنسی کی ادلا بدلی معاہدے کے تحت دونوں ممالک نے مفاہمت کے دو اقرارناموں پر دستخط کیے، جس میں بدعنوانی کی روک تھام اور اس کا مقابلہ کرنے کیلئے باہمی تعاون کا معاہدہ شامل ہے۔

دونوں ممالک کے درمیان مالدیپ کے عدالتی افسران کی صلاحیت سازی کے پروگرام اور کھیلوں اور نوجوانوں کے امور کے شعبے میں تعاون کے حوالے سے بھی مفاہمت کے دو اقرار ناموں کی بھی تجدید کی گئی ہے۔

ڈاکٹر معزو کے ساتھ مذاکرات کے بعد ایک پریس بیان میں، وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ بھارت اور مالدیپ نے جامع اقتصادی اور بحری سکیورٹی شراکت داری کے ویژن کو اپنایا ہے تاکہ دونوں ممالک کے درمیان اپنے

تعاون کو اسٹریٹجک سطح تک وسعت دی جاسکے۔ جناب مودی نے کہا کہ ترقیاتی شراکت داری ہمارے تعلقات کا ایک اہم ستون ہے اور بھارت نے ہمیشہ مالدیپ کے عوام کی ترجیحات کو اولیت دی ہے اور اس سال بھارتیہ اسٹیٹ بینک نے مالدیپ کے ''خزانہ بل'' میں 100 ملین ڈالر کے قرض میں توسیع دی ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ مالدیپ میں Rupay Card کا آغاز کیا جاچکا ہے اور آئندہ وقت میں بھارت اور مالدیپ کو UPI کے ساتھ جوڑنے کا کام کیا جائے گا۔

SB - 2100 - PM Rupay Card

مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معزو نے اپنے بیان میں کہا کہ انہوں نے اور وزیر اعظم مودی نے ترقی کے ایک ساتھ کامیاب سفر کا جائزہ لیتے ہوئے گہرا تبادلۂ خیال کیا اور دونوں ملکوں کے درمیان مستقبل کے تعاون کی راہ تشکیل دی ہے۔ ڈاکٹر معزو نے کہا کہ وہ مالدیپ کو مدد فراہم کرنے کے بھارتی حکومت کے فیصلے کیلئے نہایت مشکور ہیں۔

SB - 2100 - Prez Muizzu Currency Swap

وزیر اعظم مودی نے ڈاکٹر معزو کی موجودگی میں مالدیپ میں Hanimaadhoo بین الاقوامی ہوائی اڈے کے رَن وے کا بھی ورچوئل وسیلے سے افتتاح کیا اور EXIM Bank's Buyers' Credit سہولیات کے تحت انہیں 700 سے زیادہ سوشل ہاؤسنگ یونٹس بھی سونپے۔ x

### *VP - Muizzu Meet*

نائب صدرِ جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے آج مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معزو سے ملاقات کی ۔ اپنی میٹنگ کے دوران دونوں رہنماؤں نے ، اِس بات سے اتفاق کیا کہ آج اپنایا گیا ویژن دستاویز دونوں ملکوں کے درمیان باہمی تعاون کو گہرا کرنے کیلئے ایک فریم ورک کے طور پر کام کرے گا۔ اس سے جامع شراکت داری میں بھی تبدیلی آئے گی ، جو مستقبل پر مرکوز ہوگی اور دونوں ملکوں کیلئے سودمند ہوگی۔ x

### *Nadda Muizzu Meet*

BJP کے صدر اور مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈّا نے 'BJP کو جانئے' مہم کے حصے کے طور پر آج نئی دلّی میں مالدیپ کے صدر ڈاکٹر Muizzu سے ملاقات کی۔ اس میٹنگ کے دوران، دونوں رہنماؤں نے پچھلی دہائی کے دوران، بھارت اور مالدیپ کے دوطرفہ رشتوں میں ہوئی واضح پیشرفت کی ستائش کی۔

دونوں رہنماؤں نے مالدیپ میں روپے کارڈ لین دین کو متعارف کرانے اور جامع اقتصادی و بحری سکیورٹی وژن ڈاکیومینٹ کو جاری کرنے کا خیر مقدم کیا۔ دونوں لیڈروں نے صحت کے شعبے میں باہمی اشتراک وتعاون بڑھانے کے طور طریقوں کے بارے میں بھی تبادلہ خیال کیا۔x

### *Maldives FSSAI*

مالدیپ کی خاتونِ اوّل ساجدہ محمد نے بنیادی سطح پر فوڈ سیفٹی کیلئے بھارت کی ستائش کی ہے۔بھارت کی فوڈ

سیفٹی اور معیار سے متعلق اتھارٹی FSSAI کے نئی دلّی میں واقع صدر دفتر کے اپنے دورے کے دوران مالدیپ کی خاتونِ اوّل نے FSSAI کے قائم کردہ لیباریٹری ایکوسسٹم سے آگاہی حاصل کی۔ یہ انتظام ملک میں فوڈ سیفٹی کے اعلیٰ ترین معیارات کو یقینی بنانے کیلئے کئے گئے ہیں۔x

### Paswan Food

خوراک کو ڈبہ بند کرنے اور صنعتوں کے وزیر چراغ پاسوان نے کہا ہے کہ وزارت کی طرف سے آئندہ دنوں میں خوراک کی جانچ سے متعلق 100 لیبس قائم کی جائیں گی تاکہ غذائی اشیاء کی کوالٹی کو یقینی بنایا جاسکے۔ آج نئی دلّی میں فکّی کی جانب سے منعقد MASSMERIZE کے تیرہویں ایڈیشن سے خطاب کرتے ہوئے جناب پاسوان نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ کچرے کو کم سے کم کرنے کیلئے شعاع ریزی کے 50 یونٹ قائم کئے جائیں گے، جبکہ خوراک کو ڈبہ بند کرنے کے دوران ویلیو ایڈیشن کو یقینی بنایا جائے گا۔ جناب پاسوان نے غذائی صنعت کے متعلقہ فریقوں پر اِس بات کیلئے بھی زور دیا کہ وہ بھارت کو ایک عالمی غذائی مرکز بنانے میں مدد کریں۔x

### Rajnath Defconnect 4.0

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آج مستقبل کے خطرات سے نمٹنے کیلئے ملک میں نئی اور اختراعی تکنیکی ترقی پر زور دیا۔ آج نئی دلّی میں DefConnect 4.0 کا افتتاح کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ حکومت ایک مضبوط اور خودکفیل دفاعی شعبے کے ہدف کو حاصل کرنے کیلئے سرکاری اور نجی دونوں شعبوں کو مدد فراہم کرنے کیلئے پُرعزم ہے۔ اِس اجلاس کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ یہ دفاعی ایکو نظام کے مختلف شراکت داروں کو ایک ساتھ لانے کیلئے قابل قدر پلیٹ فارم ہے۔ اس سے دفاع کے شعبے میں بھارت کو مستحکم کرنے اور خودکفیل بنانے میں مدد فراہم ہوگی۔ نجی کمپنیوں کی شراکت داری کے بارے میں بات کرتے ہوئے وزیر موصوف نے تقلیدی عمل سے اختراعی ٹیکنالوجی کی طرف بڑھنے اور مسلح افواج کی ضروریات کو پورا کرنے کی غرض سے آگے بڑھنے کیلئے پرائیویٹ سیکٹر کی حوصلہ افزائی کی۔x

### Amit Shah LWE Meeting

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ بائیں بازو سے متاثرہ تمام ریاستیں، وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں شانہ بشانہ کام کر رہی ہیں تاکہ مارچ 2026 تک ماؤنوازوں کا پوری طرح خاتمہ کیا جاسکے۔ جناب شاہ نے کہا ہے کہ نکسلزم کی لعنت کو ایک ہی بار میں پوری طرح سے خاتمہ کیلئے آخر تک کوشش کرنا ضروری ہے۔ جناب شاہ نے آج نئی دلّی میں بائیں بازو کی انتہا پسندی سے متاثرہ ریاستوں کیلئے جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔ اپنے خطاب میں انھوں نے سبھی متاثرہ ریاستوں کے وزراء اعلیٰ سے کہا کہ وہ مہینے میں کم از کم ایک مرتبہ ماؤنواز مخالف کارروائیوں کی پیشرفت کا جائزہ لیا کریں۔ وزیر داخلہ نے ریاستوں کے پولیس کے ڈائریکٹر جنرل صاحبان سے بھی کہا کہ وہ کم از کم 15 دن میں ایک مرتبہ اس طرح کی جائزہ میٹنگ کریں۔x

## Rev Counting - Assembly Polls

جموں و کشمیر اور ہریانہ میں کل اسمبلی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی کیلئے سبھی تیاریاں کرلی گئی ہیں۔ ووٹوں کی گنتی صبح 8 بجے شروع ہوگی اور امکان ہے کہ تقریباً دوپہر تک نتائج آنا شروع ہو جائیں گے۔ سب سے پہلے ڈاک سے بھیجے گئے ووٹوں کی گنتی کی جائے گی۔ ووٹوں کی گنتی کے عمل کو بلارکاوٹ بنانے کیلئے انتخابی کمیشن نے خاطر خواہ بندوبست کیا ہے۔ کمیشن نے اپنی ویب سائٹ www.eci.gov.in کے ذریعے رجحانات اور نتائج کو عام کرنے کیلئے مستحکم ، خامیوں سے پاک اور محفوظ بنیادی ڈھانچہ قائم کیا ہے۔ ووٹوں کی گنتی کے مراکز پر سکیورٹی کا تین سطحی بندوبست کیا گیا ہے۔ جموں و کشمیر میں نتائج 873 امیدواروں کی سیاسی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔ مرکز کے زیر انتظام علاقے میں ووٹوں کی گنتی کے 20 مراکز قائم کئے گئے ہیں۔ کشمیر میں سری نگر ، بڈگام ، گاندر بَل ، بانڈی پورہ ، بارہمولہ کپواڑہ ، شوپیاں ، کلگام ، پلوامہ اور اننت ناگ میں ووٹوں کی گنتی کے 10 مراکز قائم کئے گئے ہیں۔ جموں و کشمیر میں پچھلے مہینے کی 18 اور 25 تاریخ کو اور اس مہینے کی پہلی تاریخ کو تین مرحلوں میں 90 اسمبلی حلقوں کیلئے پولنگ ہوئی تھی۔ x

## Nobel Prize

سال 2024 کے لیے فزیولوجی یا میڈیسن کیلئے نوبیل انعام سائنسداں Victor Ambros اور Gary Ruvkun کو مائیکرو آر این اے کی دریافت اور ٹرانسکرپشن کے بعد کے Gene ریگولیشن میں اس کے کردار کے لیے دیا گیا ہے۔ مائیکرو آر این اے ایک بنیادی اصول ہے جو کہ Gene کی سرگرمی کو منظّم کرتا ہے۔ اس فیصلے کا اعلان کرتے ہوئے سوئیڈن کے اسٹاک ہوم میں واقع تحقیق پر مبنی میڈیکل یونیورسٹی Karolinska انسٹی ٹیوٹ کی نوبل اسمبلی نے کہا کہ ان دونوں سائنسدانوں کی دریافت یہ سمجھنے کے لیے بنیادی طور پر اہم ثابت ہوئی ہے کہ جاندار کیسے نشوونما پاتے ہیں اور کام کرتے ہیں۔ نوبیل انعام کے فاتحین کو 11 لاکھ ڈالر کی رقم دی جائے گی۔ اس سال کا یہ نوبیل انعام 1901 کے بعد سے فزیولوجی یا میڈیسن کے شعبے میں دیا جانے والا 115واں نوبیل انعام ہے۔ 229 نوبیل انعام فاتحین میں خواتین صرف 13 ہیں۔ فزکس کیلئے کے نوبیل انعام 2024 کا اعلان کل کیا جائے گا، اس کے بعد بدھ کے روز کیمسٹری کا انعام دیا جائے گا۔x

## Coal Mine Blast

مغربی بنگال کے Birbhum ضلع میں کوئلے کی ایک کان میں ہوئے دھماکے میں کم از کم سات افراد ہلاک اور تین زخمی ہوگئے۔ یہ حادثہ اُس وقت پیش آیا، جب آج صبح Bhadulia کوئلے کی کان میں دھماکہ کئے جانے کیلئے تیاریاں کی جارہی تھیں۔ زخمیوں کا Siuri ضلع اسپتال میں علاج چل رہا ہے۔ پولیس اِس معاملے کی تحقیقات کررہی ہے۔x

### Vayu Veer

بھارتی فضائیہ کا 92واں یوم تاسیس منانے کیلئے سات ہزار کلو میٹر طویل ''وایو ویر وجیتا'' بڑی کار ریلی کو کل لداخ میں Thoise کے مقام سے جھنڈی دکھا کر روانہ کیا جائے گا۔ اِس مہینے کی پہلی تاریخ کو وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے نئی دلّی میں واقع قومی جنگی یادگار سے اِس ریلی کو پُرجوش انداز میں جھنڈی دکھا کر روانہ کیا تھا۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اِس ریلی کا مقصد بھارتی فضائیہ کی شاندار تاریخ کے بارے میں لوگوں میں بیداری کو فروغ دینا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ..................

VC Adarsh

22 دن طویل یہ کار ریلی 29 اکتوبر کو اروناچل پردیش کے توانگ میں اختتام پذیر ہوگی۔ بھارتی فضائیہ کے 52 جانباز جن میں خواتین بھی شامل ہیں، اِس بڑی کار ریلی میں شامل ہوں گے۔ اِس ریلی کے مختلف حصوں میں بھارتی فضائیہ کے سابق سربراہوں کی شرکت بھی ہوگی۔ یہ فضائی جانباز 16 مقامات پر رکیں گے جن میں لیہہ، کرگل، سری نگر، جموں، چنڈی گڑھ، دہرادون، آگرہ، گورکھپور، دربھنگہ اور گواہاٹی شامل ہیں۔ فضائیہ کے یہ جانباز مختلف کالجز اور یونیورسٹیوں کے طلبا سے بات چیت کریں گے۔

آدرش کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اسعداللہ

### Shivraj Farmers Meets

زراعت کے وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے آج کہا ہے کہ حکومت ملک میں کاشتکاری کے کلچر کو بہتر بنانے پر کام کررہی ہے۔ آج نئی دلّی میں کسانوں اور کسانوں کی یونین کے ساتھ ایک ملاقات کے بعد، وزیر موصوف نے اِس بات کا اعادہ کیا کہ حکومت نے کسانوں کی بھلائی کیلئے کرشی وِکاس یوجنا اور فصل بیمہ یوجنا جیسی اسکیموں کے تعلق سے کئی فیصلے لئے ہیں۔

SB - 2100 - Shivraj Singh - Famers

کسانوں سے بات کرتے ہوئے، بھارتیہ کسان یونین دلّی کے چیئرمین ستیش Lambardar نے کہا کہ وزیر موصوف نے کسانوں کی طرف سے اٹھنے والی ہر آواز کو تفصیل سے سنا اور حل تلاش کرنے کی انہیں یقین دہانی کرائی۔

### Dipa Korrmakar Retire

بھارتی جمناسٹ دیپا کرماکر نے پیشہ ورانہ مقابلہ آرائی سے سبکدوش ہونے کا اعلان کیا ہے۔ جمناسٹک کی دنیا کی سرکردہ کھلاڑی دیپا نے کھیل کو 25 سال وقف کرنے کے بعد کھیل کی جسمانی ضرورتوں کی بنا پر اپنے ریٹائرمنٹ کا فیصلہ کیا ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں دیپا نے کہا کہ انھوں نے بیحد غور وخوض کے بعد پیشہ ورانہ جمناسٹکس سے سبکدوشی کا فیصلہ لیا ہے۔ سال 2014 میں گلاسگو میں منعقدہ دولت مشترکہ کھیلوں میں کرماکر نے Vault زمرے میں کانسے کا تمغہ جیتا تھا۔ اس طرح وہ جمناسٹک زمرے میں تمغہ جیتنے والی پہلی بھارتی خاتون کھلاڑی بن گئی تھیں۔ دیپا کو

کیریئر میں 2016 کے ریو اولمپک میں سنگ میل حصولیابی اُس وقت حاصل ہوئی جب وہ فائنل Vault مقابلوں میں کوالیفائی کرنے والی پہلی بھارتی خاتون جمناسٹ بن گئیں۔اِس مقابلے میں وہ چوتھے نمبر پر رہیں۔ ریو اولمپک کے بعد دیپا کرماکر نے سال 2018 کے ترکیہ آرٹسٹک جمناسٹکس عالمی کپ میں سونے کا تمغہ جیتنے والی پہلی بھارتی جمناسٹ بننے کا اعزاز حاصل کیا۔ دیپا نے سال 2021 میں تاشقند میں ہوئی ایشین جمناسٹکس چمپئن شپ میں بھی سونے کا تمغہ جیتا تھا۔ دیپا کرماکر کو پدم شری، ارجن ایوارڈ اور میجر دھیان چند کھیل رتن انعام سے بھی سرفراز کیا گیا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆